محترم قارئین! یہ بھی دکھ کی بات ہے کہ کبھی کبھار اونچی کرسیوں پر جلوہ افروز ہونے والے حضرات بھی اہل حدیث پر حملہ آور ہوتے ہیں، ایسے معترضین قانون کی باریکیوں اور نزاکتوں کو یقیناً جانتے ہوں گے۔ مگر علوم حدیث سے بالکل کورے اور نابلد ہیں۔ باوجود اس کے علم حدیث پر حملہ کرنا اور محدثین کی تنقیص کرنا قانون کے علم برداروں کو زیب نہیں دیتا۔ علم حدیث ایک الگ فن ہے، لہذا اہل فن کے ساتھ مل بیٹھ کر، ان پاک ہستیوں کے زیر تربیت رہ کر تھوڑا بہت اس فن کے آداب ولوازم جاننے کے بعد آپ لوگوں کا ضمیر مطمئن نہ ہو تو تنقید کرنا بھی مناسب ہے۔ اُس وقت اِن بوریہ نشینوں کی صف میں ایک مناسب اضافہ ہوگا۔ ورنہ تنقید کرنا، اعتراض فرمانا ایک سہل مشغلہ تصور ہوگا۔

بلاتی ہیں موجیں کہ طوفان میں اترو
کہاں تک چلو گے کنارے کنارے

رزق حلال کی برکت

امام بخاریؒ کے والد ماجد اسماعیل بن ابراہیمؒ نے تجارت میں کافی مہارت حاصل کر لی تھی۔ وہ بہت بڑے متقی اور پرہیزگار تاجر تھے۔ موت کے وقت انہوں نے فرمایا کہ میرے مال میں ایک درہم بھی حرام کا ہے نہ مشکوک۔ ان کا یہ حلال مال وراثت میں امام بخاریؒ کو ملا۔ انہوں نے اس کو مضاربت میں لگا دیا۔ خود امام بخاریؒ فرماتے ہیں'' میں خود سودا سلف نہیں خریدتا بلکہ کسی آدمی کو پیسے دے دیتا ہوں وہ میرے لیے اشیاء خرید لاتا ہے۔'' وجہ پوچھنے پر آپؒ نے فرمایا'' خود اس لیے نہیں خریدتا کہ خریداری میں کبھی اِدھراُدھر کی بات بنانا پڑسکتی ہے''۔

امام بخاریؒ فرماتے ہیں'' جب سے مجھے پتہ چلا کہ غیبت حرام ہے، میں نے کسی کی غیبت نہیں کی۔'' یہی وہ ورع وتقوی ہے جس نے امامؒ کو عالم اسلام میں ایک بہت بڑا مقام دیا۔ حتی کہ'' امیر المؤمنین فی الحدیث'' کہلائے۔ اوران کی کتاب صحیح بخاری قرآن کے بعد صحیح ترین کتاب کہلائی۔

(ابوشداخ غوری)

کشمیر بزور شمشیر (13)

تاریخ جموں وکشمیر

ابو محمد عبدالوہاب خان

30-8-1969 کشمیر کی جنگ ہماری جنگ ہے۔ (صدر جنرل یحیٰ خان)

17-9-1969 صدر یحیٰ خان کو فوری انتخابات کرانا چاہیے (خان عبدالقیوم خان صدر مسلم لیگ)

25-9-1969 بھارت ملک میں مسلمانوں کا قتل عام بند کرے۔ (پاکستان)

30-9-1969 غیر ملکی حملے کی صورت میں چین پاکستان کا ساتھ دے گا۔ (چین)

8-10-1969 آزاد کشمیر میں بریگیڈیر عبدالرحمٰن صدر بن گئے۔

14-10-1969 انڈیا مسئلہ کشمیر پر مذاکرات شروع کرے تو ہم تمام اختلافات بھول جائیں گے۔
(وزیر اطلاعات نوابزادہ شیر علی خان)

29-10-1969 پاک فوج نے بھارتی فوج کی طرف سے راج شاہی کے علاقے پر قبضے کی کوشش ناکام بنادی۔

18-03-1970 پاکستانی طیاروں نے انڈیا کے 4 لڑاکا طیاروں کو پاکستانی حدود کی خلاف ورزی پر مار بھگایا۔

20-03-1970 آزاد کشمیر میں بالغ رائے دہی کے اصول پر ووٹروں کا اندراج شروع ہوا۔

19-07-1970 آزاد کشمیر اسمبلی میں ارکان کی تعداد بڑھا کر 25 کردی گئی۔

28-08-1970 عراق مسئلہ کشمیر میں پاکستان کا حامی ہے۔ (عراقی نائب صدر)

07-09-1970 صدر آزاد کشمیر عبدالرحمٰن نے 25 رکنی کابینہ بنانے کا اعلان کردیا۔ 24 ارکان کا انتخاب عوام کریں گے۔

12-09-1970 آزاد جموں وکشمیر مسلم کانفرنس نے انتخابات میں شرکت کا اعلان کیا۔

21-09-1970 آزاد جموں وکشمیر کے صدارتی انتخابات کے لیے سردار عبدالقیوم خان، شویف طارق، کے۔ ایچ خورشید اور سردار ابراہیم نے کاغذات جمع کرائے۔

25-09-1970 حکومت نے میٹرک پاس نوجوانوں کے لیے یک سالہ فوجی تربیت لازمی قرار دی۔

31-10-1970 آزاد کشمیر میں سردار عبدالقیوم خان صدر بن گئے۔

07-11-1970 حکومت پاکستان نے لازمی فوجی تربیت کا آرڈی ننس جاری کر دیا۔

12-11-1970 سردار عبدالقیوم خان نے صدارت کا حلف اٹھالیا۔

24-01-1971 مقبوضہ کشمیر میں الفتح تنظیم کو منظم کرنے کے الزام میں پاکستانی ہائی کمیشن کے فرسٹ سیکرٹری کو ملک چھوڑنے کا حکم دیا گیا۔

25-01-1971 جاسوسی اور تخریب کاری کے الزام میں پاکستان نے بھارتی ہائی کمیشن کے فرسٹ سیکرٹری کو ملک چھوڑنے کا حکم دیا۔

30-01-1971 اشرف کشمیری اور ہاشم کشمیری نے بھارتی مسافر طیارہ اغوا کر کے لاہور اتار لیا۔حکومت پاکستان نے کارروائی کر کے مسافروں کو بحفاظت ہندوستان بھیج دیا۔

31-01-1971 حکومت پاکستان نے اشرف اور ہاشم کو سیاسی پناہ دی۔

01-02-1971 ہم ہائی جیکروں کے مطالبات مسترد کرتے ہیں۔(حکومت بھارت)

02-02-1971 لاہور اڈے پر ہائی جیکروں نے بھارتی طیارہ تباہ کر دیا۔

03-02-1971 ہائی جیکروں کو سیاسی پناہ دینے کے سنگین نتائج ہوں گے۔(وزیر اعظم اندرا گاندھی)

04-02-1971 بھارت نے پاکستانی طیاروں کی پرواز پر پابندی لگا دی۔

05-02-1971 بھارتی مظاہرین نے نئی دہلی میں پاکستانی ہائی کمیشن پر دوبارہ حملہ کر دیا۔

06-02-1971 نئی دہلی میں پاکستانی ہائی کمیشن پر پھر حملہ ہوا۔

08-02-1971 نئی دہلی میں پاکستانی ہائی کمیشن کے سامنے 25 افراد نے دھرنا دیا۔

09-02-1971 اسلام آباد پولیس نے بھارتی ہائی کمیشن کی طرف سے اپنے ہی فرنیچر اور کاروں کو آگ لگانے کی کوشش ناکام بنادی۔

16-02-1971 چیف آف سٹاف جنرل عبدالحمید نے شاہراہ قراقرم کا افتتاح کیا۔
پاکستان اور بھارت نے اپنے اپنے ہائی کمشنروں کو واپس بلالیا۔

20-04-1971 بھارتی طیارے کے اغوا کے بارے میں جسٹس نورالعارفین کی تحقیقاتی رپورٹ منظر عام پر آئی۔

25-04-1971 آزاد کشمیر اسمبلی میں اردو کو سرکاری زبان کا درجہ دیا گیا۔